# انفارمیشن بلیٹن

فوری ریلیز کیلئے — وزارت نقل و حمل اور انفراسٹرکچر

9 مئی، 2022

**صوبہ سرے لینگلے اسکائی ٹرین کی مشاورت کا آغاز کر رہا ہے۔**

سرے- عوام کو مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ 30 سالوں میں دریائے فریزر کے جنوب میں پہلے تیز رفتار ٹرانزٹ پروجیکٹ پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔

سرے لینگلی اسکائی ٹرین پروجیکٹ میٹرو وینکوور بھر میں لاکھوں لوگوں کے لئے اعلیٰ معیار کی، کم خرچ نقل و حمل فراہم کرے گا۔

نئی سرے لینگلی اسکائی ٹرین کی عوامی مشاورت سوموار، 9 مئی 2022 کو شروع ہوگی اور 9 جون تک جاری رہیگی۔ عوام کے لیے اوپن ہاؤس 25 مئی کو سرے میں اور 31 مئی کو لینگلے میں منعقد ہونگے۔

مزید معلومات کے لیے اور اس عوامی مشاورت میں حصہ لینے کے لیے، پراجیکٹ کی ویب سائٹ یہاں ملاحظہ کریں: www.gov.bc.ca/surreylangleyskytrain

سرے لینگلی اسکائی ٹرین میٹرو وینکوور کے لوگوں، خاص طور پر فریزر ویلی میں تیزی سے بڑھتی ہوئی کمیونٹیز کے لوگوں کے لئے ٹرانزٹ کا ایک نیا تجربہ فراہم کریگا - یہ منصوبہ زیریں مین لینڈ کے لوگوں کیلیئے پائیدار اور کم خرچ نقل و حمل کا انتخاب کرنے میں مددگار ثابت ہوگا، جبکہ سرے اور فریزر ویلی میں لوگوں کے لیے ٹرانزٹ پر مبنی ترقی، نئی رہائش اور اقتصادی ترقی کے مواقع بھی فراہم کرے گا۔

یہ منصوبہ موجودہ ایکسپو لائن کو کنگ جارج اسکائی ٹرین سے لینگلے شہر کی 203 سٹریٹ تک 16 کلو میٹر تک بڑھادے گا۔ یہ توسیع بنیادی طور پر فریزر ہائی وے کے متوازی ایک بلند گائیڈ وے پر چلے گی، جس میں روٹ کے ساتھ ساتھ آٹھ نئے اسٹیشن اور تین نئے بس ایکسچینج شامل ہوں گے۔ مکمل ہونے کے بعد، لینگلی سٹی سنٹر سے کنگ جارج سٹیشن تک کا سفر کا وقت تقریباً 22 منٹ ہوگا، اور لینگلی سٹی سنٹر سے واٹر فرنٹ سٹیشن تک ایک گھنٹہ سے کچھ زیادہ ہوگا۔

سرے لینگلی اسکائی ٹرین اپنے ابتدائی تخمینے سے دو سال پہلے، 2028 کے آخر میں مکمل ہونے کی امید ہے۔

**رابطہ:**

وزارت نقل و حمل اور انفراسٹرکچر
حکومتی مواصلات اور عوامی مشاورت
250 356-8241